© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## حضرت مولانا مہتمم صاحب مدظلہ کا دورہ مصر

۲۲۔ نومبر کو حضرت مہتمم صاحب شیخ الازہر ڈاکٹر محمد طیب صاحب کی دعوت پر جامعۃ الازھر مصر قاہرہ گئے اور وہاں عالمی اسلامی کانفرنس مجمع الفقہ الاسلامی کے زیر قیادت شرکت کی۔ وہاں مولانا مدظلہ نے معروف شخصیات سے ملاقاتیں بھی کیں۔ کانفرنس میں عالم عرب سمیت مصر کے اہم رہنماؤں نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر وفاق المدارس کے سیکرٹری جنرل قاری حنیف جالندھری اور مولانا سید احمد شاہ صاحبان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## وزیراعلیٰ صوبہ خیبرپختونخوا جناب پرویز خٹک صاحب کی دارالعلوم آمد

۱۲ نومبر کو دارالعلوم کی نئی زیر تعمیر جامع مسجد شیخ الحدیث مولانا عبدالحق اور نئی جدید دارالتدریس کا تفصیلی معائنہ کیا اور دارالعلوم میں جاری تعمیراتی کاموں کے معیار کو سراہا، بعد میں مولانا مدظلہ کے ہاں ان سے صوبائی وملکی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

## جناب عمران خان کی حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات

۲۰ نومبر کو اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین جناب عمران خان صاحب نے اسلام آباد میں مولانا مدظلہ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں راقم کے علاوہ برادرم مولانا راشد الحق، جناب پرویز خٹک وزیراعلیٰ کے پی کے، جناب وزیر اطلاعات شاہ فرمان اور مولانا سید یوسف شاہ بھی ہمراہ تھے۔ یادرہے کہ اس سے قبل بھی جناب عمران خان صاحب، وزیراعلیٰ کے پی کے جناب پرویز خٹک صاحب اپنی حکومت سے پہلے بھی کئی مرتبہ دارالعلوم تشریف لاچکے ہیں اور اپنی صوبائی حکومت کے اسلامائزیشن کے پروگرام اور دیگر کئی اسلامی امور واقدار میں دارالعلوم حقانیہ کی سرپرستی معاونت طلب کرچکے ہیں اور کئی اہم دینی مثبت تبدیلیاں عمل میں لاچکے ہیں جو اس سے قبل صوبائی اسپیکر جناب اسد قیصر صاحب کی دارالعلوم آمد کے موقع پر الحق میں تفصیل سے شائع ہوچکے ہیں۔

© rasailojaraid.com